**AQF / Fazil**

**20-06-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ............................ ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم پاٹلی پتر اور گورکھپور کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اُڈیشہ سرکار کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر اُڈیشہ بھی جائیں گے۔

3- کیلاش مانسرووَر یاترا 5 سال کے بعد پھر شروع ہو رہی ہے۔ یاتریوں کا پہلا جتھہ آج سکّم میں **Nathula** سے سرحد پار کر کے چین جائے گا۔

4- مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں ایران کے وزیر خارجہ آج جنیوا میں جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے وزراء خارجہ سے ملاقات کریں گے۔

5- بھارت کے **Velavan Senthilkumar** ایشیائی اسکواش چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ آج اُن کا مقابلہ دوسرے نمبر کے کھلاڑی ہانگ کانگ کے **Lau Kwan** سے ہوگا۔

6- اور ٹیسٹ کرکٹ میں، آج سہ پہر **Headingley** میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان **Anderson-Tendulkar** ٹرافی کا پہلا میچ شروع ہو رہا ہے۔ **Shubhman Gill** بھارتی ٹیم کے نئے کپتان ہوں گے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-VISIT BIHAR**

وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار کے دورے پر جا رہے ہیں۔ وہ دن میں 12 بجے کے آس پاس سیوان ضلعے میں **Pachrukhi** بلاک کے تحت **Jasauli** کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ وزیر اعظم **Jasauli** سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شہری ترقیات، گندے پانی کو صاف کرنے، پی ایم آواس یوجنا اور ریلوے سے متعلق کئی ترقیاتی

پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے، جن کی مالیت 5 ہزار 900 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Dharmendra**

خطّے میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دیتے ہوئے وزیر اعظم بہار اور اترپردیش کو جوڑنے والے نئے وشالی-Deoria ریلوے لائن پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے، جو 400 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا ہے۔ وہ اس رُوٹ پر ایک نئی ٹرین سروس کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ شمالی بہار اور اترپردیش کے پوروانچل خطّے کیلیے بہتر ریل رابطے کی خاطر وزیر اعظم پاٹلی پُتر اور گورکھپور کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔ اس سے مغربی بہار اور مشرقی اترپردیش کے لوگوں کی طویل عرصے چلی آرہی مانگ پوری ہو سکے گی۔ جناب مودی سارن ضلعے میں مڑھورا پلانٹ میں بنائے گئے جدید طرز کے ریل انجن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے، جسے مغربی افریقی ملک گنی کو برآمد کیا جائے گا۔ بہار کی اس فیکٹری میں یہ ایسا پہلا ریل انجن تیار کیا گیا ہے، جسے برآمد کیا جائے گا۔ دریائے گنگا کو محفوظ رکھنے اور اسے بہتر شکل میں بحال کرنے کے اپنے عہد کے عین مطابق وزیر اعظم نمامی گنگے پروجیکٹ کے تحت گندے پانی کو صاف کرنے کے 6 پلانٹس کا افتتاح کریں گے، جن پر ایک ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئی ہے۔ جناب مودی بہار کے مختلف شہروں میں 3 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور گندے پانی کو صاف کرنے کے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اس کا مقصد اِن قصبوں کے لوگوں کو صاف پانی فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعظم بہار میں پی ایم آواس یوجنا شہری سے مستفید ہونے والے 53 ہزار 600 سے زیادہ افراد کے لیے پہلی قسط بھی جاری کریں گے۔

سیوان سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## PM-ODISHA VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر اُڈیشہ جائیں گے، جہاں وہ وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی کی زیر قیادت پہلی BJP سرکار کا ایک سال پورا ہونے کے سلسلے میں بھونیشور کے جنتا میدان میں ریاستی سطح کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی اس موقع پر 18 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن میں پینے کے پانی، آبپاشی، زرعی اور صحت بنیادی ڈھانچے، دیہی سڑکوں اور پلوں اور قومی شاہراہوں نیز ریلوے کے کچھ پروجیکٹ شامل ہیں۔ اُڈیشہ سرکار کا ایک سال پورا ہونے کے جشن میں کئی مرکزی وزیر، ریاستی وزراء، اُڈیشہ کے ارکانِ پارلیمنٹ اور ارکانِ اسمبلی نیز ریاست کے سبھی 147 اسمبلی حلقوں کے پارٹی کارکن شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Prakash Das**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر بھونیشور میں بیجو پٹنائک بین الاقوامی ہوائی اڈّے پہنچنے کے فوراً بعد روڈ شو کریں گے اور ترنگا یاترا میں حصہ لیں گے۔ یہ روڈ شو اور ترنگا یاترا جنتا میدان پر جا کر ختم ہوگی، جہاں اُڈیشہ میں BJP سرکار کا ایک سال مکمل ہونے کی تقریب ہوگی۔ جناب مودی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے اس تقریب میں شرکت کریں گے اور جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ وزیر اعظم اُڈیشہ میں Boudh ضلعے کیلئے ریل رابطہ فراہم کرنے کی خاطر نئی ٹرین خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے، جو قومی ریل نیٹ ورک کے ساتھ ضلعے کو جوڑنے کا ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔ ماحولیات کیلئے سازگار توانائی اور پائیدار ٹرانسپورٹ کو تقویت پہنچاتے ہوئے وزیر اعظم شہری ٹرانسپورٹ نظام کے تحت 100 الیکٹرک بسوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی اُڈیشہ ویژن دستاویز بھی جاری کریں گے۔ اس میں ریاست کی مجموعی ترقی کے لیے مستقبل کا ایک خاکہ ہوگا۔ وزیر اعظم ریاست میں خوشحالی اور خود انحصاری کی علامت کے طور پر ساڑھے سولہ لاکھ سے زیادہ لکھپتی دیدیوں کے جشن کیلیے اہم کامیابیاں حاصل کرنے والی اُڈیشہ کی خواتین کی عزّت افزائی بھی کریں گے۔

بھونیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## PREZ VISIT UTTRAKHAND

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اتراکھنڈ کے دہرادون میں راشٹرپتی نکیتن میں مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گی اور سنگِ بنیاد رکھیں گی۔ اپنے دورے میں صدر جمہوریہ President's Park کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Sakshi Singh**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دہرادون میں راشٹرپتی نکیتن اور راشٹرپتی Tapovan کے افتتاح میں شرکت کریں گی۔ اِن دونوں کو اس مہینے کی 24 تاریخ سے عام لوگوں کیلئے کھول دیا جائے گا۔ محترمہ دروپدی مرمو 132 ایکڑ کے President's Park کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گی۔ امید ہے کہ یہ گارڈن ایک سال میں پورا ہو جائے گا اور اسے عوام کیلئے وقف کیا جائے گا۔ 21 ایکڑ میں پھیلے ہوئے راشٹرپتی نکیتن کو پہلے راشٹرپتی آشیانہ کے نام سے جانا جاتا تھا۔ اسے صدر جمہوریہ کے محافظ PBG گھوڑوں کی تربیت کیلئے استعمال کیا کرتے تھے۔ اسے کھولے جانے کے بعد لوگ اس وراثتی عمارت میں کچھ نوادرات کے ساتھ ساتھ صدر جمہوریہ کے باڈی گارڈز کے گھوڑوں اور اسطبل کو دیکھنے کا موقع ملے گا۔ عوام کیلئے اسے کھولا جانا صدر جمہوریہ اور راشٹرپتی بھون کی وراثت کے ساتھ

لوگوں کے رابطے کو بڑھانے کی وسیع تر پہل کا حصہ ہے۔

دہرادون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

**KMY SIKKIM**

سکّم میں کیلاش مانسرودور یاترا آج Nathula سے شروع ہو رہی ہے۔ 36 ارکان کے گروپ کو گورنر اوم پرکاش ماتھر جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ سیاحت اور شہری ہوابازی محکمے کے ایڈیشنل چیف سکریٹری سی ایس راؤ نے بتایا کہ گورنر موصوف یاتریوں سے گفتگو بھی کریں گے۔ جناب راؤ نے یہ بھی کہا کہ مختلف محکمے اس یاترا کو کامیاب بنانے کیلئے مل کر کام کر رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Manas**

اس سال Nathula سے مجموعی طور پر 10 جتھے کیلاش مانسرودور جائیں گے۔ ہر جتھے کو یہ یاترا مکمل کرنے میں 11 سے لے کر 12 دن لگیں گے۔ ڈاکٹر اور سرکاری اہلکار اس پورے سفر میں اُن کے ساتھ رہیں گے۔ بیشتر یاتری بس کے ذریعے جائیں گے۔ البتہ کچھ موقعوں پر انہیں پیدل بھی چلنا ہوگا۔ یہ یاتری پہلے تو تقریباً 17 ہزار فٹ کی بلندی پر کیلاش Parikrama کریں گے اور اُس کے بعد 15 ہزار فٹ کی بلندی پر مانسرودور Parikrama کریں گے۔ کیلاش مانسرودور یاترا کیلئے جانے سے قبل سبھی یاتریوں کو سکّم میں 3 مختلف مقامات پر 5 دن گزارنے ہوں گے، تا کہ وہ خود کو نئے موسمی حالات کی مناسبت سے ڈھال سکیں۔

Gangtok سے مانس پراتم سرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**YOGA DAY-COUNTRY**

ثقافت کی وزارت یوگ کے 11 ویں بین الاقوامی دن کے موقع پر ملک بھر کے 100 سیاحتی مقامات اور دیگر 50 ثقافتی مقامات پر یوگ اجلاسوں کا انعقاد کررہی ہے۔ کل ہونے والی یہ تقریبات وشاکھاپٹنم میں آیوش کی وزارت کی جانب سے منعقدہ اصل تقریبات سے ہم آہنگ ہے، جس میں وزیراعظم نریندر مودی شرکت کریں گے۔

**EXCLUSIVE-MOS AYUSH**

آ کاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں مرکزی وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے کہا ہے کہ یوگ ایک طرز زندگی ہے، نہ کہ محض ایک دن کی تقریب۔ انہوں نے لوگوں سے یوگ کو اپنی زندگی میں شامل کرنے کی اپیل کی اور کہا کہ وہ یوگ کرنے کیلئے اپنے کنبے کے افراد کی بھی حوصلہ افزائی کریں۔

**JUAL ORAM**

قبائلی اُمور کے مرکزی وزیر Jual Oram نے کہا ہے کہ قبائلی برادریوں کی ترقی کیلئے حکومت کی جانب سے تقریباً ڈھائی لاکھ کروڑ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ آ کاشوانی نیوز کے ساتھ ایک پوڈکاسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ یہ رقم قبائلی برادریوں کی ترقی کیلئے مختلف وزارتوں کی جانب سے خرچ کی گئی ہے۔

**Byte: Jual Oram**

**EUROPE-IRAN FMS MEET**

ایران کے نیوکلیائی اور فوجی مقامات کو نشانہ بناتے ہوئے اسرائیل کے فضائی حملوں اور ایران کی جوابی کارروائی کے درمیان آج ایران کے وزیر خارجہ جنیوا میں جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے اپنے ہم منصبوں سے ملاقات کریں گے۔ ایران کی سرکاری نیوز ایجنسی اِرنا نے خبر دی ہے کہ ایران کے وزیر خارجہ عباس Araghchi آج ان میٹنگوں کیلئے جنیوا جائیں گے۔

فرانس، جرمنی، برطانیہ اور یوروپی یونین کی جانب سے بدھ کو جاری کئے گئے مشترکہ اعلامیئے میں طرفین سے ضبط وتحمل سے کام لینے اور سفارتکاری کا عمل شروع کرنے پر زور دیا گیا۔ تین یوروپی ممالک، جنہیں E-3 کہا جاتا ہے، انہوں نے ایران کے ساتھ 2015 کے اصل نیوکلیائی معاہدے کے سلسلے میں بات چیت میں ایک اہم رول ادا کیا تھا، لیکن وہ اقوام متحدہ کے نیوکلیائی نگراں ادارے کے ساتھ اپنے تال میل کو بہتر نہ کرنے کی صورت میں ایران کو بار بار اُن پابندیوں کو دوبارہ نافذ کرنے کی دھمکی دیتے رہے، جو اس معاہدے کے تحت ہٹائی گئی تھیں۔×

**ASHWINI VAISHNAV RUSSIA**

ریلوے، اطلاعات ونشریات، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کل روس کے نائب وزیراعظم Alexei Overchuk سے ملاقات کی۔ اس میٹنگ میں ٹرانسپورٹ، کنکٹی وٹی، بنیادی ڈھانچے اور زیر زمین پائے جانے والے معدنیات جیسے شعبوں میں اشتراک کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ روس کے نائب وزیراعظم کے ساتھ اُن کی ملاقات سودمند رہی۔ یہ اعلیٰ سطحی میٹنگ سینٹ پیٹرس برگ میں ہوئی۔

سینٹ پیٹرس برگ میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل کی جانب سے شیئر کی گئی ایک پوسٹ کے مطابق مرکزی وزیر سینٹ پیٹرس برگ بین الاقوامی اقتصادی فورم-2025 میں شرکت کیلئے اس وقت روس میں ہیں، جس کا آغاز بدھ کو ہوا تھا اور جو کل تک جاری رہے گا۔×

**PM-DIVYA CHESS**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کی سرکردہ شطرنج کھلاڑی دیویا دیش مکھ کو مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے لندن میں ورلڈ ٹیم Blitz چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی Hou Yifan کو ہرایا تھا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ دیویا کی کامیابی، اُن کی محنت اور لگن کو ظاہر کرتی ہے اور یہ آئندہ کے شطرنج کھلاڑیوں کیلئے باعث ترغیب ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے آج ہریانہ، دلّی، مغربی اترپردیش، راجستھان، گجرات، کونکن اور گوا، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، اتراکھنڈ، اروناچل پردیش، آسام اور بہار میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ چھتیس گڑھ، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ، مدھیہ مہاراشٹر، ناگالینڈ اور منی پور میں کچھ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ مانسون آئندہ دو سے تین روز کے دوران ملک کے شمالی اور وسطی حصے کی جانب مزید بڑھ جائے گا۔ IMD کے مطابق بہار، ہریانہ، دلّی، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور پنجاب میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔×

**AXIOM-4 POSTPONED**

بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کیلئے Axiom-4 مشن ایک مرتبہ پھر ملتوی ہوگیا ہے۔ پہلے جون کی 22 تاریخ کو اس مشن کے آغاز کا امکان تھا۔ آج ایک بیان میں ناسا نے کہا ہے کہ خلائی ایجنسی کو مرمت کے حالیہ کام کے بعد بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کی کارروائیوں کا جائزہ لینے کیلئے مزید وقت کی ضرورت ہے۔×

**ASIAN SQUASH**

ملیشیا میں ایشیائی اسکواش چمپئن شپ میں آج Kuching میں سیمی فائنل میں بھارت کے ویلوان سینتھل کمار کا مقابلہ دوسرے درجے کے کھلاڑی ہانگ کانگ کے Lau Tsz Kwan سے ہوگا۔

کل کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں سینتھل کمار، ملیشیا کے **Joachim Chuah** کو گیارہ-سات ، گیارہ-چھ، گیارہ-چھ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچے تھے۔ ویلوان اس انفرادی ٹورنامنٹ میں اس وقت واحد بھارتی کھلاڑی ہیں۔×

**INDIA-ENG CRICKET TEST**

کرکٹ میں آج **Leeds** کے **Headingley** میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تیندولکر-اینڈرسن ٹرافی کے تحت پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے سے شروع ہوگا۔ روہت شرما اور وراٹ کوہلی جیسے سینئر بلے بازوں کی غیر موجودگی میں اب سب کی نگاہیں بھارت کے نئے کپتان **Shubman Gill** پر ہوں گی۔

میچ سے پہلے ایک پریس کانفرنس میں نومنتخبہ بھارتی کپتان نے کہا کہ ملک کی ٹیم کی کپتانی کرنا کسی کھلاڑی کیلئے سب سے بڑا اعزاز ہے۔ اینڈرسن-تیندولکر ٹرافی کا کل سرکردہ کھلاڑیوں جیمس اینڈرسن اور سچن تیندولکر کی موجودگی میں آغاز کیا گیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے تین ملکوں کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپسی کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے، جبکہ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے آج، بہار کے دورے کو بھی نمایاں کیا ہے۔

''ملک کی چار ریاستوں کے پانچ اسمبلی حلقوں میں ضمنی چناؤ، ووٹنگ پرامن طریقے سے جاری رہی''۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ اور انقلاب کے علاوہ سبھی اردو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ صدر جمہوریہ سے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کی ملاقات کو روزنامہ پرتاپ نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخباروں نے بین الاقوامی یوگ کے پیش نظر گرام پنچایتوں اور ریاستی حکومتوں کی تیاریوں اور اسے کامیاب بنانے کے تئیں حکومتی کوششوں کو اُجاگر کیا ہے۔

ایران اور اسرائیل میں جاری جنگ کے پیش نظر وہاں مقیم بھارتی شہریوں اور طلباء کی واپسی کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی اقدام کو روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب اور پرتاپ نے سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ ایران-اسرائیل جنگ کو ختم کرانے میں ثالث کا کردار ادا کرنے کیلئے تیار: روسی صدر

☆ یوروپی ملکوں نے اسرائیل سے اپنے سینکڑوں شہریوں کو باہر نکالا۔

☆ اسرائیل -ایران جنگ : اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا اجلاس طلب۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم پاٹلی پتر اور گورکھپور کے درمیان وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھا کر روانہ بھی کریں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج اُڈیشہ سرکار کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر اُڈیشہ بھی جائیں گے۔

3- کیلاش مانسروور یاترا 5 سال کے بعد پھر شروع ہو رہی ہے۔ یاتریوں کا پہلا جتھہ آج سکّم میں **Nathula** سے سرحد پار کر کے چین جائے گا۔

4- مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں ایران کے وزیر خارجہ آج جنیوا میں جرمنی، فرانس اور برطانیہ کے وزراء خارجہ سے ملاقات کریں گے۔

5- بھارت کے **Velavan Senthilkumar** ایشیائی اسکواش چمپئن شپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ آج اُن کا مقابلہ دوسرے نمبر کے کھلاڑی ہانگ کانگ کے **Lau Kwan** سے ہوگا۔

6- اور ٹیسٹ کرکٹ میں، آج سہ پہر **Headingley** میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان **Anderson-Tendulkar** ٹرافی کا پہلا میچ شروع ہو رہا ہے۔ **Shubhman Gill** بھارتی ٹیم کے نئے کپتان ہوں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-